اسلام نے تو عورت کو رفاقت کا درجہ دیا، مگر مغرب نے اسے فریق کا درجہ دے کر، مرد کا رقیب بنا دیا اور یوں ایک فتنے، مناقشے اور عداوت کا آغاز ہوا۔

نظر زیدی نے اپنے ماہرانہ تجزیے میں بڑا دھیما مگر موثر لہجہ اختیار کیا ہے۔ ان کی نظر مسئلے کے جملہ پہلوؤں تک گئی ہے اور مسئلہ زیر بحث واضح ہو کر اور نکھر کر سامنے آگیا ہے۔ تباہی اور بربادی کے جس راستے پر ہم چل رہے ہیں اس سے بچنے کی "اگر کوئی صورت باقی ہے تو صرف یہ کہ نسل انسانی مکانوں اور جسموں کو سجانے کی بجائے دلوں اور روحوں کو سجانے پر زیادہ توجہ دے۔ یہ جو زیادہ سے زیادہ روپیہ حاصل کرنے اور پھر اسے دوسروں کو تباہ کرنے کی دوڑ شروع ہوگئی ہے، اسے ختم ہونا چاہیے۔ اور اس مبارک کام کا آغاز ذی شعور خواتین بہتر طور پر کر سکتی ہیں"۔ کتاب عمدہ چھپی ہے۔ (ر - ہ)

تاریخ خاندیش کے بکھرے اوراق، ڈاکٹر اکبر رحمانی۔ ناشر: ایجوکیشنل اکادمی اسلام پورہ، جلگائوں، بھارت۔ صفحات: ۱۴۳۔ قیمت: ۵۰ روپے۔

خاندیش، مغربی بھارت کا ایک خطہ ہے جو ۱۹۶۱ کے بعد سے ضلع جلگاؤں اور ضلع دھولیہ میں تقسیم ہے۔ ڈاکٹر رحمانی نے اس خطے کی تاریخ سے متعلق، اپنے چند تحقیقی مضامین یکجا کیے ہیں۔ خاندیش میں مسلمانوں کا تناسب آبادی دس فیصد سے بھی کم تھا مگر پورے علاقے میں مدرسے اور دار العلوم قائم تھے۔ ان میں برہان پور کا عظیم الشان مدرسہ خاصی شہرت رکھتا تھا۔ (اورنگ زیب کی داستان معاشقہ کے بارے میں چار مضامین ہمارے خیال میں کتاب کے موضوع سے غیر متعلق ہیں)۔ قارئین خصوصاً تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے زیر نظر کتاب کو معلومات افزا اور مفید پائیں گے۔ (ر - ہ)

صبر، قرآن و حدیث کی روشنی میں، ڈاکٹر محمد ابراہیم عبدالسلام۔ ملنے کا پتا: ادارہ الحسنات منصورہ لاہور، ادارہ منشورات اسلامی بالمقابل منصورہ لاہور۔ صفحات: ۸۴۔ قیمت: ۲۰ روپے۔

صبر، قرآنی اور نبوی نیز انسانی اخلاق و اوصاف میں سے ایک نہایت ہی اہم وصف ہے۔ ڈاکٹر محمد ابراہیم عبدالسلام (استاذ سید مودودی بین الاقوامی تعلیمی انسٹی ٹیوٹ لاہور) نے بقول مولانا عبدالمالک: "صبر کے موضوع پر آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ، اقوال صحابہ و تابعین اور سلف و صالحین کے زریں اقوال کی روشنی میں سیر حاصل بحث ہے۔" اپنے موضوع پر ایک قابل مطالعہ کتاب ہے۔ (ر - ہ)